
# ۳۔ گلوب، نقشے کا موازنہ اور علاقائی سیر

بچو ! گلوب پر عرض البلد اور طول البلد کے خطوط کیسے کھینچے جاتے ہیں اور ان کے ذریعے مقام کا تعین کس طرح کیا جاتا ہے، یہ تفصیل آپ پچھلے سبق میں سیکھ چکے ہیں۔
اس سبق میں ہم گلوب اور نقشے کے فرق کو سیکھیں گے۔



**آیئے، عمل کر کے دیکھیں۔**


پانچ سے چھے بچوں کا گروہ بنائیے۔ ہر گروہ کو اسکول میں رکھا ہوا دنیا کا نقشہ، بھارت کا نقشہ اور گلوب دیجیے۔ ان وسائل کا مشاہدہ کیجیے اور سوالوں کے جواب دیجیے۔



(الف)

**اساتذہ کے لیے ہدایت :** ہر گروہ کو گلوب اور نقشے جیسے وسائلِ تعلیم فراہم کیے جائیں۔


(ج)


(ب)

شکل ۳ء۱ : (الف) دنیا کا نقشہ، (ب) بھارت کا خاکہ، (ج) گلوب

- کون سا وسیلۂ تعلیم مسطح (سپاٹ) ہے؟
- کون سا وسیلۂ تعلیم گول ہے؟
- کس وسیلۂ تعلیم کے ذریعے آپ دنیا کے پورے رقبے کو بیک وقت دیکھ سکتے ہیں؟
- کس وسیلے کے ذریعے ایک وقت میں زمین کا ایک ہی حصہ دیکھ سکتے ہیں؟
- مخصوص علاقے (مثلاً ملک، ریاست وغیرہ) کی تفصیلی معلومات حاصل کرنے کے لیے ان میں سے کون سے وسیلۂ تعلیم کا آپ استعمال کریں گے؟
- کس وسیلۂ تعلیم کو کرۂ زمین کا نقشِ ثانی کہہ سکتے ہیں؟

## جغرافیائی وضاحت

مشاہدے کے بعد آپ کے ذہن میں یہ بات آئے گی کہ

- نقشے دو پہلوی ہوتے ہیں تو گلوب تین پہلوی ہوتے ہیں۔
- دو پہلوی اشیا کی لمبائی اور چوڑائی ہوتی ہے۔ لمبائی اور چوڑائی مل کر اس کا رقبہ بنتا ہے۔
- تین پہلوی اشیا کی لمبائی، چوڑائی اور اونچائی ہوتی ہے۔ ان تینوں کے ملنے سے شے کا حجم بنتا ہے۔
- نقشے کے ذریعے دنیا کا اور محدود علاقے کا بھی مطالعہ کیا جاسکتا ہے۔
- گلوب چاہے جتنا چھوٹا یا بڑا رہے، یہ کرۂ زمین کا نقشِ ثانی ہے۔

**دو پہلوی:** چوڑائی اور لمبائی یہ دو پہلو رکھنے والا مسطح چیز مثلاً کاغذ، تختہ، میز، زمین، وغیرہ۔

**تین پہلوی:** لمبائی، چوڑائی اور اونچائی رکھنے والی مسطح چیز مثلاً ڈسٹر، ڈبا، گلاس، لوٹا، ٹیکری، چاند، وغیرہ۔

## * جغرافیائی سیر (علاقائی سیر)


جغرافیہ مضمون کے لیے جغرافیائی سیر نہایت اہم طریقۂ تعلیم ہے۔ اس میں کسی علاقے کی سیر کی جاتی ہے۔ اس سیر کے ذریعے وہاں کے جغرافیائی اور سماجی حالات کا علم ہوتا ہے اور مقامی لوگوں کے ساتھ باہمی گفتگو کرنے کا عملی موقع بھی حاصل ہوتا ہے۔

جغرافیائی حالات معلوم کرنے کے لیے آپ اپنے استاد کی رہنمائی میں درج ذیل مقامات میں سے کسی ایک مقام کی سیر کے لیے ضرور جائیں مثلاً سیارہ گاہ (پلانیٹوریم)، ڈاک گھر، بس اسٹینڈ، مال، ٹیکری، ساحلِ سمندر، چھوٹا صنعتی مرکز، وغیرہ۔ ان مقامات پر پائی جانے والی چیزوں کی معلومات حاصل کرکے اپنے مشاہدوں کا اندراج کریں۔

علاقائی سیر کے دوران استاد آپ کو متعلقہ علاقے کی معلومات دیں گے۔ استاد کی مدد سے ایک سوال نامہ تیار کیجیے۔ ضرورت پڑے تو کچھ لوگوں سے ملاقات کرکے اسے اپنی بیاض میں لکھ لیں۔ تصویریں اور خاکے بنائیں۔

### کیا آپ جانتے ہیں؟

کرۂ زمین کا گول نقشہ بنانے کے لیے پہلے تار کے ذریعے گلوب تیار کرتے ہیں۔ اس کے اندر بلب لگا کر اس کی روشنی کی مدد سے کاغذ پر اس کے سایے کا عکس اُتار لیا جاتا ہے۔ اس عکس کے سہارے نقشہ تیار کیا جاتا ہے۔ اس سے پتہ چلتا ہے کہ زمین یا زمین کے کسی بھی حصے کا نقشہ تیار کرنے کے لیے بلدی خطوط کا جال ضروری ہوتا ہے۔ اس طریقے سے تین پہلوی گلوب کے ذریعے دو پہلوی کاغذ پر نقشہ تیار کیا جاتا ہے۔




### مجھے یہ آتا ہے!

- نقشے اور گلوب کے ساتھ ہی مختلف چیزوں کی اُن کے پہلوؤں کے مطابق جماعت بندی کرنا۔
- ضرورت کے مطابق نقشے یا گلوب کا استعمال کرنا۔

## جغرافیائی صحن

'ارتھا' دنیا کا سب سے بڑا گھومنے والا گلوب ہے۔ ریاست ہائے متحدہ امریکہ کی ریاست مین (Maine) کے شہر 'یارماؤتھ' (Yarmouth) میں یہ عظیم الجثہ گلوب نصب ہے۔ اس گلوب کی رفتار کو زمین کی محوری اور مداری گردش کی رفتار کے عین مطابق رکھا گیا ہے۔



شکل ۲ء۳ : 'ارتھا'

## مشق

۱۔ دو پہلوی اور تین پہلوی چیزوں کی خصوصیات کیا ہیں؟

۲۔ بالکل چھوٹے گلوب پر کون کون سی چیزیں بتائی جا سکتی ہیں؟

۳۔ زمین پر رونما ہونے والے دن اور رات کے تصور کو کس وسیلے سے سمجھنا آسان ہوگا؟

۴۔ آپ کے گاؤں / شہر کی نشاندہی کرنے کے لیے کون سے وسائل کا استعمال کیا جا سکتا ہے؟

۵۔ ایک جگہ سے دوسری جگہ بآسانی منتقل کیے جانے والے وسائل کون سے ہیں؟ (Teaching aids)

HIGHWI

*** سرگرمی :**

جماعت کے طلبہ کے دو گروپ بنائیے۔ ایک گروپ دوسرے گروپ کو گلوب پر مقام تلاش کرنے کو کہے۔ گلوب کی طرح نقشے کا بھی استعمال کریں۔

**حوالہ جاتی ویب سائٹس**

- http://www.kidsgeog.com
- http://www.wikihow.com
- http://www.ecokids.ca